**Pakistan Cutlery & Stainless Utensils**
**Manufacturers And Exporters Association**
پاکستان کٹلری اینڈ سٹین لیس یوٹینسلز مینوفیکچرز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن
RECOGNIZED BY: GOVERNMENT OF PAKISTAN
50/1, G.T Road, Opp, Government Degree College for Women Wazirabad 52000 Pakistan

Ref: **PCSUMEA/EC-11/2025** Dated: **20-04-2025**

To

- **WORTHY MEMBERS OF EXECUTIVE COMMITTEE**
- **CORE COMMITTEE MEMBERS**
- **EXHIBITORS OF 4TH HEMS 2025**

SUBJECT: **9th EXECUTIVE COMMITTEE MEETING**

Dear Sir,

It is informed that the **9th Executive Committee** Meeting will be held in the meeting room of **Pakistan Cutlery and Stainless Utensils Manufacturers and Exporters Association Wazirabad** on **Tuesday, 22nd April 2025** at **02:00 (pm)** under the supervision of Chairman.

We request to all the worthy members as mentioned above to attend the meeting at the specified date and time.

**AGENDAS OF THE MEETING ARE GIVEN AS UNDER:-**

1. Recitation of the Holy Quran.
2. Approval of 8th Executive Meeting Minutes.
3. Renewal of Memberships.
4. Briefing on Successful event of HEMS 4th Edition 2025, future strategies and correspondence with departments.
5. Certificates & award distribution ceremony in the honor of valued exhibitors of HEMS 2025.
6. CIP current status.
7. Briefings on updated status of China, Kazakhstan & Uzbekistan delegation.
8. TDAP's delegation / exhibition to Ethiopia & Bangladesh.
9. Post-election complaint.
10. Any other point will be discussed by the permission of Chairman.

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

# 9th EC MEETING MINUTES 22-04-2025

پاکستان کٹلری اینڈ سٹین لیس یوٹینسلز مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن وزیر آباد کی نویں ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ مورخہ 22 اپریل 2025 زیر صدارت سنیئر وائس چئیر مین جناب حبیب اللہ صاحب میٹنگ ہال میں منعقد کی گئی کیونکہ جناب چئیر مین جمال بھٹہ صاحب کو عین میٹنگ کے موقع پر بہت ضروری کام سے شہر سے باہر جانا پڑ گیا تھا۔ سیکرٹری جنرل صاحب نے میٹنگ کورم مکمل ہونے کے بعد کہا کہ میٹنگ کا باقاعدہ آغاز شروع کر سکتے ہیں۔

## RECITATION OF HOLY QURAN

مرزا امان اللہ صاحب نے میٹنگ کا باقاعدہ آغاز تلاوت قران پاک سے کیا۔

## APPROVAL OF 8TH EXECUTIVE MEETING MINUTES

سنیئر وائس چیئر مین صاحب نے سیکرٹری صاحب سے کہا کہ آپ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منٹس کو سب کے سامنے رکھیں۔ ایگزیکٹو ممبرز کی منظوری کے بعد منٹس کی اپرووَل دے دی گئی۔

## RENEWAL OF MEMBERSHIP

سینیئر وائس چیئر مین نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ رواں سال ایسوسی ایشن میں ریکارڈ تعداد میں ممبر شپ کی تجدید ہوئی ہے۔ برائے سال 2025 تا 2026، ایسوسی ایشن نے 525 ممبران کی تجدید مکمل کی، جن میں کارپوریٹ کلاس اور ایسوسی ایٹ کلاس دونوں شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اگرچہ ہماری ایسوسی ایشن کے خلاف منفی پراپیگنڈا کیا گیا جس سے تجدیدِ ممبر شپ پر وقتی طور پر اثر پڑا، لیکن الحمد للہ ہم نے اپنے ٹارگٹ کو کامیابی سے حاصل کیا اس کے ساتھ ساتھ، ایف بی آر کی جانب سے سیلز ٹیکس کے دباؤ کا بھی سامنا رہا، کیونکہ ایف بی آر وزیر آباد میں ہمارے ممبران کو سیلز ٹیکس میں رجسٹر کر رہا تھا۔ سینیئر وائس چیئر مین نے مزید بتایا کہ رواں سال نئی ممبر شپ بھی کی گئی ہے اور ہم پوری کوشش کر رہے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ نئے ممبران کو ایسوسی ایشن میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے ایسوسی ایشن کے سیکرٹری اور سٹاف کو مبارکباد پیش کی جنہوں نے اس ممبر شپ ٹارگٹ کے حصول میں بھرپور محنت کی — یہ ایک مشترکہ ٹیم ورک تھا جس کی بدولت ہم کامیاب ہوئے۔ اجلاس میں موجود لیگل ایڈوائزر نے، سینیئر وائس چیئر مین کی اجازت سے، ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ایسوسی ایشن کی کاوشوں سے متعدد ممبران کو جاری کیے گئے ایف بی آر سیلز ٹیکس نوٹسز ختم کروائے گئے ہیں، اور دیگر ممبران کے نوٹسز پر بھی کام جاری ہے۔

## BRIEFING ON SUCCESSFUL EVENT OF HEMS 4TH EDITION 2025, FUTURE STRATEGIES AND CORRESPONDENCE WITH DEPARTMENTS

سینیئر وائس چیئر مین نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ اس سال لاہور ایکسپو سینٹر میں منعقد ہونے والے "ہیلتھ اینڈ منرل شو" میں پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن (PCSUMEA) نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنا شاندار پویلین قائم کیا۔ انہوں نے اس کامیاب شرکت کا کریڈٹ ایسوسی ایشن کی پوری ٹیم اور تمام ایگزیبیٹرز کو دیا اور کہا کہ یہ ایک مثالی ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے نمائش میں شریک تمام ممبرز کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور کہا کہ پورا ہاؤس آپ کی کاوشوں کو سراہتا ہے۔ اس پویلین کو تقریباً 650 سے زائد وزیٹرز نے وزٹ کیا، جن میں افریقہ، یورپ، سنٹرل ایشیا اور عرب ممالک کے نمائندہ وفود اور ڈیلیگیٹس شامل تھے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال ہم نے نو اسٹالز لیے تھے، اور اگلے سال مزید بڑی جگہ لینے کا عزم رکھتے ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ ممبرز کو



PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G T ROAD WAZIRABAD

نمائندگی دی جاسکے۔ مزید یہ کہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے سی ای او نے اینیول ڈنر میں اپنی تقریر کے دوران وزیر آباد کی کاوشوں کو سراہا، جو کہ ایسوسی ایشن کے لیے ایک اعزاز ہے۔ اس اہم ڈنر میں وزیر اعظم پاکستان جناب شہباز شریف، وزیر تجارت، وزیر صنعت، کامرس سیکرٹری، غیر ملکی وفود، گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹس کے افسران اور پاکستان کی اعلیٰ بیوروکریسی شریک تھی۔

سینیئر وائس چیئرمین نے اجلاس میں موجود ایگزیکٹیوز سے گزارش کی کہ وہ اپنی رائے سے ہاؤس کو آگاہ کریں۔

جناب راحت نظر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس نمائش کا معیار وقت کے ساتھ بہتر ہو رہا ہے۔ اس سال ہمارے پویلین میں بی ٹو بی کسٹمرز اور متعلقہ انڈسٹری سے وابستہ افراد نے وزٹ کیا۔ انہوں نے TDAP کو اس کامیاب ایونٹ پر مبارکباد دی اور تجویز دی کہ اگلے سال کے لیے مارکیٹنگ حکمت عملی تیار کی جائے، پرانے کلپس کو واٹس ایپ گروپ میں شیئر کیا جائے، اور زیادہ سے زیادہ ممبرز کو نمائش میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگلے سال ہم سونکس اور شیف جیسی معروف کمپنیوں کو بھی اپنے پویلین میں شامل کریں گے۔ ساتھ ہی ایک ڈیٹا بیس بنا کر TDAP کو فراہم کیا جائے اور ایک 3 سے 4 افراد پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے تاکہ منصوبہ بندی مؤثر ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں آئیڈیاز اسلام آباد اور کراچی جیسے بڑے ایونٹس سے سیکھ کر خود کو مزید بہتر بنانا ہوگا۔

جناب حمید اختر چڈھا نے تجویز دی کہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے چیئرمین جناب زبیر موتی والا کو خط لکھ کر وزیر آباد میں مدعو کیا جائے تاکہ وہ یہاں کی انڈسٹری کو قریب سے دیکھ سکیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ (EDF) اور ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ بورڈ (EDB) جیسے ادارے ہماری کاوشوں کو تسلیم کریں اور ہماری انڈسٹری کو سپورٹ کریں۔

## CIP CURRENT STATUS

سینیئر وائس چیئرمین صاحب نے ہاؤس کو "کٹلری انسٹیٹیوٹ آف پاکستان" کے حوالے سے آگاہ کیا کہ ادارے کے لیے مشینری کی بڈ مکمل ہو چکی ہے، جس کے لیے انسٹیٹیوٹ کی کمیٹی نے انتھک محنت اور بھرپور کاوشیں کیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ یہ ادارہ ایسوسی ایشن کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہے اور اس کی ترقی و تکمیل ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ ایسوسی ایشن کی جانب سے کٹلری انسٹیٹیوٹ آف پاکستان کی ایکسٹینشن کے لیے وزارتِ منصوبہ بندی (Ministry of Planning) کو ایک باضابطہ خط ارسال کیا گیا ہے، جو اس وقت پراسیس میں ہے۔ اس خط میں پراجیکٹ کی تکمیل کے لیے ایک سال کی توسیع کی درخواست کی گئی ہے، تاکہ ادارہ مکمل طور پر فعال ہو سکے اور اپنے اہداف حاصل کر سکے۔

## BRIEFINGS ON UPDATED STATUS OF CHINA, KAZAKHSTAN & UZBEKISTAN DELEGATION

سینیئر وائس چیئرمین صاحب نے ہاؤس کو چائنا ڈیلیگیشن کے حوالے سے آگاہ کیا کہ یہ معاملہ ابھی بھی پراسیسنگ میں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جیری آفس کی جانب سے یہ ہدایت دی گئی کہ چائنا ایمبیسی اسلام آباد سے ٹریڈ مشن پاکستان کے کمرشل قونصلر سے آفیشل سطح پر رابطہ کیا جائے اور ایک باضابطہ خط ارسال کیا جائے۔ انہوں نے اس تاخیر کی بڑی وجہ "لیک آف کیمونیکیشن" کو قرار دیا۔ سینیئر وائس چیئرمین صاحب نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ چائنا میں موجود کمرشل قونصلر کا یہ بنیادی فرض تھا کہ وہ اس عمل کو مکمل کرواتے، تاہم ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) نے کیس کو مؤثر طریقے سے ہینڈل نہیں کیا، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ہمارے ممبران کے ویزے جاری نہ ہو سکے۔

انہوں نے مزید بتایا کہ ازبکستان اور قازقستان ڈیلیگیشن کے حوالے سے بھی یہی صورتحال ہے، تاہم یہ معاملات اس وقت اسٹریم پراسیس میں ہیں۔ آٹھویں ایگزیکٹو میٹنگ میں ہاؤس نے چائنا ڈیلیگیشن اور مستقبل میں ازبکستان و قازقستان ڈیلیگیشن کے لیے ایسوسی ایشن کی طرف سے ڈونیشن لینے کی منظوری دی



PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T.ROAD WAZIRABAD

CamScanner

تھی۔ اس مقصد کے لیے فیس 25,000 روپے مقرر کی گئی۔ سینیئر وائس چیئرمین صاحب نے وضاحت کی کہ اگرچہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایک سرکاری ادارہ ہے، ایسوسی ایشن کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ایسی سرگرمیوں کے لیے ڈونیشن وصول کرے، کیونکہ یہ وفود اور نمائشیں کامیاب بنانے میں ایسوسی ایشن کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔

ہاؤس نے اتفاق کیا کہ آئندہ ایگزیکٹو میٹنگ میں اس پر باقاعدہ قانون سازی کی جائے گی، جس کے تحت TDAP کے تحت منعقد ہونے والے وفود یا ایگزیبیشنز میں شرکت کرنے والے افراد، چاہے وہ سیلف فنانس پر ہوں یا سبسڈی پر، ایسوسی ایشن کو لازمی ڈونیشن ادا کریں گے۔ ہاؤس میں موجود لیگل ایڈوائزر صاحب نے اس کی تائید کی اور بتایا کہ ایگزیکٹو باڈی اس ضمن میں باضابطہ قانون پاس کر سکتی ہے۔ ڈیلیگیشن کمیٹی کے ہیڈ اور ایگزیکٹو ممبر، جناب فرقان صاحب نے بھی اس مؤقف کی حمایت کی اور تجویز دی کہ جو بھی ممبر TDAP کے وفد یا نمائش میں براہِ راست یا ایسوسی ایشن کے ذریعے درخواست دے گا، اس کے لیے ڈونیشن لازمی قرار دی جائے۔ چائنا ڈیلیگیشن کے حوالے سے ایک اہم نکتہ یہ بھی بتایا گیا کہ کچھ ممبران نے کنفرم ٹکٹس خرید لی تھیں، لیکن ویزہ نہ لگنے کی وجہ سے ان ٹکٹس کی واپسی پر تقریباً 30,000 روپے فی ٹکٹ ریفنڈ چارجز کی مد میں کٹوتی ہوئی، جس کا مالی بوجھ بھی ممبرز کو برداشت کرنا پڑا۔

## TDAP'S DELEGATION / EXHIBITION TO ETHIOPIA & BANGLADESH

سینیئر وائس چیئرمین صاحب نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چوتھی ہیلتھ اینڈ منرل شو کے دوران ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے ڈائریکٹر جنرل جناب خالد رسول صاحب سے ایتھوپیا اور بنگلہ دیش کے تجارتی وفود کے حوالے سے اہم ملاقات اور گفتگو ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ ایتھوپیا میں ایک سنگل کنٹری نمائش مئی کے وسط میں منعقد ہونے جا رہی ہے، جبکہ بنگلہ دیش کا تجارتی وفد 19 سے 22 مئی تک دورہ کرے گا۔ ان دونوں مواقع کے لیے ایسوسی ایشن کی جانب سے پہلے بھی ممبران کو سرکلر جاری کیا جا چکا ہے، اور اب ایک بار پھر ان نمائشوں کے حوالے سے معلومات ممبران کے واٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جائیں گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ڈائریکٹر جنرل TDAP، جناب خالد رسول صاحب، اس سلسلے میں ایسوسی ایشن کے دفتر بھی تشریف لائے اور باقاعدہ میٹنگ کی تاکہ اِن بین الاقوامی مواقع پر پاکستان کی کٹلری انڈسٹری کی مؤثر نمائندگی کو یقینی بنایا جا سکے۔

## POST-ELECTION COMPLAINT

سینیئر وائس چیئرمین صاحب نے ہاؤس کو پوسٹ الیکشن کمپلین کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن نے پوسٹ الیکشن شکایت کا فیصلہ ایسوسی ایشن کے حق میں دیا ہے۔ انہوں نے اس کامیابی پر تمام ممبران کو مبارکباد دی اور لیگل ایڈوائزر کو تفصیلات ہاؤس کے سامنے پیش کرنے کی دعوت دی۔ لیگل ایڈوائزر صاحب نے سینیئر وائس چیئرمین کی اجازت سے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ یہ شکایت جناب شاہد سرفراز سرور کی جانب سے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن، اسلام آباد میں دائر کی گئی تھی، جس میں انہوں نے ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کے سیکشن 14 (f)(3) کے تحت خود کو "ایگریوڈ پارٹی" ظاہر کیا۔ تاہم، قانونی طور پر وہ ایگریوڈ پارٹی نہیں تھے کیونکہ نہ تو انہوں نے الیکشن میں حصہ لیا اور نہ ہی وہ اس وقت ایسوسی ایشن کے فعال رکن تھے، جبکہ ان کی رکنیت پر اسلام آباد ہائی کورٹ کا سٹے آرڈر موجود تھا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 10 مارچ 2025 کو ڈی جی ٹی او کے دفتر میں باقاعدہ سماعت ہوئی، جس کے بعد ایسوسی ایشن کی جانب سے تمام مطلوبہ دستاویزات جمع کروائی گئیں۔ ان شواہد اور دلائل کی بنیاد پر فیصلہ ایسوسی ایشن کے حق میں صادر ہوا۔

الیکشن کمشنر جناب حمید اختر چڈھا صاحب نے بھی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے سٹے آرڈر کی روشنی میں شاہد سرفراز سرور کے کاغذاتِ نامزدگی پر اعتراض لگا کر انہیں مسترد کیا گیا، اور اس سال ایسوسی ایشن کے انتخابات نہایت شفاف، منظم اور قانون کے مطابق منعقد ہوئے۔

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T.ROAD WAZIRABAD

## ANY OTHER POINT WILL BE DISCUSSED BY THE PERMISSION OF CHAIRMAN

سینیئر وائس چیئر مین صاحب نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ایسوسی ایشن کی عمارت کو سولر پینلز پر منتقل کرنا نہایت ضروری اور فائدہ مند ہوگا۔ اس اقدام سے بجلی کی نمایاں بچت ممکن ہوگی اور ایسوسی ایشن کے بجلی کے بل مکمل طور پر ختم کیے جاسکیں گے۔ انہوں نے تجویز دی کہ ہر ممبر ایک عدد سولر پلیٹ ایسوسی ایشن کو بطور عطیہ فراہم کرے۔ تجویز کردہ پلیٹ کی گنجائش 585 واٹ ہے، جس کے ساتھ ایک گرین میٹر کی تنصیب بھی لازمی ہوگی۔

تمام ممبران کی متفقہ رائے سے یہ فیصلہ کیا گیا کہ پہلے اس منصوبے کے لیے مکمل بجٹ تیار کیا جائے، جس کے بعد اسے دوبارہ اجلاس میں تفصیل سے زیر بحث لایا جائے گا۔

اس موقع پر جناب طارق محمود صاحب نے سینیئر وائس چیئر مین سے گزشتہ روز ہونے والی میٹنگ کے بارے میں دریافت کیا۔ سینیئر وائس چیئر مین صاحب نے وضاحت کی کہ اس میٹنگ کی اطلاع انہیں اسی دن دوپہر 12:30 بجے موصول ہوئی۔ یہ ملاقات جناب شاہد جمیل صاحب (سزکو) کے ساتھ لاہور نمائش کے دوران ہوئی تھی، جہاں انہوں نے وزیر آباد کٹلری ایسوسی ایشن کا دورہ کرنے کی خواہش ظاہر کی۔ اس کے بعد ایسوسی ایشن کی جانب سے باضابطہ دعوتی خط بھی ارسال کیا گیا، تاہم میٹنگ کا وقت باقاعدہ طور پر طے نہیں ہوسکا تھا۔

وائس چیئر مین جناب الیاس خان صاحب نے مزید وضاحت کی کہ شاہد جمیل صاحب اُن سے بھی رابطے میں تھے، اور انہیں بھی میٹنگ کے بارے میں اسی دن دوپہر 12:30 پر آگاہ کیا گیا۔ وقت کی کمی کے باعث ایسوسی ایشن صرف محدود ممبران کو مدعو کرسکی۔ آئندہ کے لیے اس بات کا خاص خیال رکھا جائے گا کہ ایسی میٹنگز میں تمام ایگزیکٹو ممبران کو بروقت اطلاع دے کر شامل کیا جائے۔

## CERTIFICATES & AWARD DISTRIBUTION CEREMONY IN THE HONOR OF VALUED EXHIBITORS OF HEMS 2025

میٹنگ کے اختتام پر چوتھی ہیلتھ اینڈ انجینئرنگ میلا شو میں شریک ایگزیبیٹرز کو اعزازی شیلڈز اور اپریسی ایشن سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔ اس کے ساتھ ساتھ ایسوسی ایشن کی دیگر سرگرمیوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے افراد کو بھی خصوصی طور پر اپریسی ایشن سرٹیفکیٹس سے نوازا گیا۔

**آخر میں سینیئر وائس چیئر مین نے میٹنگ میں شرکت کرنے والے تمام معزز ممبران کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا اور ان کی مسلسل سپورٹ کو سراہا۔**

Approved and issued 27/5/25

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION
G.T ROAD
WAZIRABAD